سبق-18

# عید مبارک

آج عید ہے
سب بچے صبح سویرے اٹھے
بڑوں کو سلام کیا
نہا دھو کر نئے کپڑے پہنے
سب لوگ عید گاہ گئے
نماز پڑھی۔ اللہ کا شکر ادا کیا
سب لوگ گلے ملے
مُنّا بولا عید مبارک
مُنّی بولی عید مبارک
امّی بولیں عید مبارک
ابا بولے عید مبارک
دادا دادی امّی ابا
سب بچّوں کو عیدی دینا
تاج کو بھی عیدی دینا
صبا کو بھی عیدی دینا
جی ہاں سب کو عیدی دینا
عید مبارک عید مبارک



## مشق:- پڑھیئے اور لکھیئے

1۔ عید مبارک ۔ منّا ۔ منّی ۔ صبح ۔ سویرے

آج عید ہے ۔ عید گاہ میں نماز پڑھی ۔

2۔ ملا کر لکھوائیے ۔

| | | |
|---|---|---|
| ص ب ح | س و ے ر ے | ن م ا ز |
| ع ی د | گ ا ہ | گ ل ے |
| پ ڑ ھ ی | ش ک ر | ج ی ہ ا ں |

3۔ تشدید کی مدد سے خالی خانوں میں الفاظ لکھوائیے ۔

بچ چہ  من نا  من نی  ام می  اب با  بل لی

4۔ خالی جگہ میں مناسب لفظ لکھیئے

| | |
|---|---|
| زین بولا | مبارک |
| مُنّی | عید مبارک |
| بڑوں کو | کیا |
| سب نے عید کی | پڑھی |
| خدا کا | ادا کیا |